اس پر تبصرہ نکلا تھا لیکن اول تو پاکستان سے کتابوں کی آمدورفت بند ہے اور پھر اس کتاب کی مقبولیت اور اہمیت! ان وجوہ کے پیش نظر اب ندوۃ المصنفین نے اس کا جدید اڈیشن اپنی روایت کے مطابق نہایت آب وتاب اور اہتمام سے شائع کیا ہے کتاب کا موضوع اس کے نام سے ظاہر ہے اور فاضل مصنف بھی وقت نظر بحث کی جامعیت اور جزئی مسائل کے استیعاب واستقصا کے لئے ارباب علم میں معروف ہیں اور پھر اس کتاب پر پہلے تبصرہ ہو بھی چکا ہے اس لئے اس موقع پر صرف اتنا کہہ دینا کافی ہوگا کہ آج کل اجتہاد اور اس کے مسائل پر بحث وگفتگو عام ہے اور اس سلسلے کی کوئی بحث اور کوئی گفتگو اس کتاب کے مطالعہ کے بغیر مکمل نہیں ہوگی یہ اس لائق ہے کہ انگریزی اور عربی میں اس کا ترجمہ کیا جائے۔

چند مشاہیر ۔ از جناب عبدالاحد صاحب معظم آبادی. تقطیع خورد ضخامت ۹۵ صفحات ۔ کتابت وطباعت بہتر ۔ قیمت ۲/- پتہ: اعجاز ہوٹل ۔ جامع مسجد ۔ اردو بازار گورکھپور ۔ (یو ۔ پی)

جیساکہ نام سے ظاہر ہے اس کتاب میں ہندوستان کے اور دوسرے ملکوں کی ایسی ۲۷ نامور شخصیتوں کے حالات اور ان کے کارناموں کا مختصر تذکرہ ہے جنھوں نے علم وادب میں یا زندگی کے کسی اور شعبہ میں نہایت نمایاں کارنامہ انجام دیا اور اس کے باعث شہرت عام کے دربار میں اپنا ایک مقام بنایا ہے۔ ظاہر ہے بڑے لوگوں کے کارناموں کا مطالعہ دلچسپ بھی ہوتا ہے اور سبق آموز بھی ۔ چنانچہ یہی حیثیت اس کتاب کی بھی ہے۔ اس کی زبان بھی سہل اور سلیس ہے۔ لیکن اگر اشخاص اور مقامات کے انگریزی نام انگریزی میں بھی لکھ دیئے جاتے اور جغرافیائی مقامات پر نوٹ بھی ہوتے تو یہ کتاب اسکولوں کے نصاب میں بھی شامل کرنے کے لائق ہوتی ۔

MOHAMMAD THE BENEFACTOR OF HUMANITY

از جناب رحم علی صاحب ہاشمی. تقطیع متوسط ضخامت ۳۲۹ صفحات ۔ ٹائپ جلی اور

روشن۔ قیمت مجلد ۔/۱۲۔ پتہ : ریڈیمنس بک ڈپو۔ ۲۴۴۸۔ بازہ دری بلیماران۔ دہلی۔ ۶

اردو زبان کے نامور ادیب جناب نعیم صدیقی نے محسن انسانیت کے نام میں ایک کتاب لکھی تھی جس میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی سیرت طیبہ اس انداز کہ موجودہ عہد کا انسان بھی آپ کو انسانیت کا سب سے بڑا محسن تسلیم کرتے ہوئے آما چونکہ اس کتاب کا مخاطب اصلاً انگریزی تعلیم یافتہ طبقہ تھا اس بنا پر ضرورت تھی کہ انگریزی میں ہو۔ چنانچہ زیر تبصرہ کتاب اسی کا ملخص ترجمہ ہے۔ واقعہ یہ ہے کہ ترجمہ اردو میں ہو یا اردو سے انگریزی میں۔ ہاشمی صاحب جو کہ مرتبہ ہیں مولانا محمد علی رفیق رہ چکے ہیں۔ ان کا نام ہی ترجمہ کی عمدگی وخوبی اور زبان کی سلاست، وشگفتگی بڑی ضمانت ہے۔

ندوۃ المصنفین دہلی

۱۹۷۰ء کی جدید مطبوعات حسب ذیل ہیں :-

۱۔ تفسیر مظہری اردو (نویں جلد) قیمت مجلد ۔/۱۲

۲۔ حیات (مولانا) سید عبدالحی " " ۔/۱۱

۳۔ احکام شرعیہ میں حالات وزمانہ کی رعایت " " ۔/۹

۴۔ مآثر ومعارف (از : مولانا قاضی محمد اطہر مبارکپوری) مجلد " ۔/۱۰

پتہ : ندوۃ المصنفین ۔ اردو بازار ۔ جامع مسجد دہلی ۶